# حقوق وصولی ٹول ٹیکس کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا

## نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا حقوق وصولی ٹول ٹیکس ٹیکسلا کینٹ کا نیلام عام جو کہ عرصہ 2025-07-01 تا 30-06-2026 تک ہو گا۔ نیلام عام مورخہ 02-06-2025 بوقت دن 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا چھاؤنی میں منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد ہو گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 03-06-2025 کو دن 11:00 بجے منعقد ہو گی اگر کسی وجہ سے دوبارہ نیلامی نہ ہو سکی تو سہ بارہ نیلامی مورخہ 04-06-2025 کو دن 11:00 بجے منعقد ہو گی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ وصولی ٹول ٹیکس کی فیس مندرجہ ذیل شرح سے لی جائے گی۔

| نمبر شمار | گاڑی کی قسم | ریٹ |
|---|---|---|
| 1 | ٹرک/بس ڈبل ایکسل یا زائد (لوڈڈ/ سامان سے بھرا ہوا) | 200 روپے فی ٹرپ |
| 2 | ٹرک/بس ڈبل ایکسل یا زائد (خالی/ سامان کے بغیر) | 100 روپے فی ٹرپ |
| 3 | ٹرک/بس سنگل ایکسل یا زائد (لوڈڈ/ سامان سے بھرا ہوا) | 150 روپے فی ٹرپ |
| 4 | ٹرک/بس سنگل ایکسل یا زائد (خالی/ سامان کے بغیر) | 75 روپے فی ٹرپ |
| 5 | ٹریکٹر ٹرالی (لوڈڈ/ سامان سے بھرا ہوا) | 100 روپے فی ٹرپ |
| 6 | ٹریکٹر ٹرالی (خالی/ سامان کے بغیر) | 50 روپے فی ٹرپ |
| 7 | منی بس اور ویگن | 50 روپے فی ٹرپ |
| 8 | سوزوکی وین/ پک اپ / ٹیکسی | 30 روپے فی ٹرپ |
| 9 | رکشہ/چنگ چی | 20 روپے فی ٹرپ |

**شرائط:**

-1 نیلامی میں حصہ لینے کے لئے اپنا اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا ہو گا جس کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہو گی کینٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

-2 خواہشمند حضرات نیلامی شروع ہونے سے قبل مبلغ -/10,00,000 (دس لاکھ روپے) بطور کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ٹیکسلا چھاؤنی جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

-3 کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر بولی کا 1/4 حصہ بطور زرضمانت موقع پر ہی جمع کروائے گا ورنہ بولی مسترد کر دی جائے گی اور تمام جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی اس صورت میں بولی کا انعقاد دوبارہ کیا جائے گا۔

-4 کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع نہ کرانے کی صورت میں مبلغ -/10,000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ جمع نہ کرانے کی صورت میں ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے کینسل کیا جائے گا اور 1/4 سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط ہو جائے گی۔

-5 1/4 سیکیورٹی کو دوران کنٹریکٹ بقایا جات قسط وغیرہ میں کسی صورت ضم نہ کیا جائے گا نیز ماہانہ قسط کیش، پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں قابل قبول ہو گی۔

-6 کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچ پر نیلامی کی منظوری کے سات یوم کے اندر اندر دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کے ساتھ سٹامپ پیپر مبلغ -/1200 روپے پر تحریری معاہدہ کرنا ہو گا۔

-7 مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی طور پر مندرجہ بالا منظور شدہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کا مجاز نہ ہو گا ایسی کسی شکایت پر ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

-8 عدم ادائیگی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہو گا اور ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

-9 کامیاب بولی دہندہ کو انکم ٹیکس اور دوسرے ٹیکسز مروجہ قوانین کے تحت ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔

-10 کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کینٹ ڈیپارٹمنٹس راولپنڈی کو بھیجا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

-11 زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33 کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

-12 ٹھیکہ کی میعاد میں توسیع ہرگز نہیں کی جائے گی۔

-13 دیگر شرائط وضوابط دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں دفتری اوقات کار کے دوران دیکھی جا سکتی ہیں اور مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا کے فون نمبر 051-9315462 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے نیز یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

-14 کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کے ٹال ٹیکس ریٹس میں اضافے کا کیس مجاز اتھارٹی کو نوٹیفکیشن کے لئے بھجوا دیا گیا ہے۔ ٹال ٹیکس کے اضافی ریٹس کی منظوری آنے کے بعد کنٹریکٹر نئے ریٹس کے مطابق ٹال ٹیکس وصول کرنے کا مجاز ہو گا اور کنٹریکٹر اسی تناسب سے ٹھیکے کی قسط میں اضافی رقم کینٹ بورڈ ٹیکسلا کو جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ٹیکسلا چھاؤنی